سوال

اگر بیوی مسلمان ہوجائے اور خاوند اسلام قبول نہ کرے تو کیا بیوی کے لیے کافر خاوند سے علیحدگی اختیار کرنا واجب ہے، اور اگر بیوی علیحدہ ہونے سے انکار کردے تو کیا حکم ہوگا؟

جواب

الحمد للہ

"اگر بیوی مسلمان ہوجائے اور اس کا خاوند کافر ہو تو یہ نکاح فسخ ہوجاتا ہے، لیکن بیوی عدت پوری ہونے تک مہلت سے کام لے اگر دوران عدت خاوند اسلام قبول کرلے تو وہ اس کی بیوی ہے، اور اگر وہ اسلام قبول نہیں کرتا اور بیوی کی عدت گزر جائے تو جب سے وہ مسلمان ہوئی ہے اس وقت سے ہی اس کا نکاح فسخ ہوچکا ہے

اور اگر خاوند بیوی کی عدت گزرنے کے بعد اسلام قبول کرلے تو کیا بیوی واپس جا سکتی ہے یا نہیں؟

اس مسئلہ میں علماء کرام کے دو قول ہیں، اور راجح یہی ہے کہ اگر بیوی موافقت کرلے تو وہ خاوند کے پاس واپس جا سکتی ہے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی کو اسلام لانے کے کئی برس بعد جب ابو العاص بن ربیع مسلمان ہوئے تو واپس کیا تھا"

اور اگر بیوی اس خاوند سے علیحدہ ہونے سے انکار کردے تو ان دونوں کے درمیان عدالت کی جانب سے زبردستی علیحدگی کروائی جائیگی" انتہی

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ

اسلام سوال و جواب

109194